Music By Naushad

گانے: شکیل بدایونی — ریپبلک پکچرز کا

कोहेनूर

کوہ نور

اداکاران

دلیپ کمار۔ مینا کماری

جیون۔ کم کم

قیمت ۲ار

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے کوہِ نور کے

گانا نمبر ۱

تن رنگ لو جی آج من رنگ لو جی
کھیلو کھیلو اُمنگ بھرے رنگ پیار کے لے لو
آج نگری میں رنگ بے بہار ہے
گلی گلی دیکھو رنگ کی بھوار ہے
پچکاریوں میں رنگ بھرا پیار ہے
اسی رنگ میں جیون رنگ لو
ناچو ناچو ری سکھی ری ہولی آئی رے
گھر گھر میں رنگیلی رُت چھائی رے
آج دنیا نے مستی لُٹائی رے
آشاؤں کا دامن رنگ لو
آج مکھڑے کا گھونگھٹ ہٹا لو جی
ذرا سجنا سے انکھیاں ملا لو جی
رنگ چھوٹے مورے تن پہ نا ڈالو جی
من پیار میں ساجن رنگ لو
رادھا سنگ سکھی کھیلے رے نواری ہو
انگ رنگ پہ چلائے پچکاری ہو
کیسے ستیاں پکڑ کے اناڑی ہو
دل رنگ لو جی دھڑکن رنگ لو

گانا نمبر ۲

دھوم میں رادھیکا ناچی رے گردھر کی مرلیا باجی رے
پگ میں گھنگھرو باندھ کے گھونگھٹا مکھ پر ڈال کے

نین میں کجرا ڈال کے نین میں کجرا ڈال کے
ڈولت چھم چھم کامنی، چمکت جیسے دامنی
چنچل پیاری بھینی لگے۔ مدھوبن میں رادھیکا ناچی رے

گانا نمبر ۳

دو ستاروں کا زمین پر ہے ملن آج کی رات
مسکراتا ہے اُمیدوں کا چمن آج کی رات
رنگ لائی ہے میرے دل کی لگن آج کی رات
سیاری دُنیا نظر آتی ہے دلہن آج کی رات

حسن والے تیری دُنیا میں کوئی آیا ہے
تیرے دیدار کی حسرت بھی کوئی لایا ہے
توڑ دے توڑ دے پردے کا چلن آج کی رات
دو ستاروں کا

جن سے ملنے کی تمنا تھی وہی آتے ہیں
چاند تارے میری راہوں میں بچھے جاتے ہیں
چومتا ہے میرے قدموں کو گگن آج کی رات

گانا نمبر ۴

کوئی پیار کی دیکھے جادوگری
گلفام کو مل گئی سبز پری
ڈر آج نہیں ہے قاتل کا
آسان ہے رستہ منزل کا
نینوں میں بنا اِک سپنا ہے
اب سارا زمانہ اپنا ہے
دُنیا ہے ہماری پیار بھری
کوئی رنگ ہمارے کیا جانے
ہم پیار کے پنچھی متوالے

نہیں ایک گھڑ کا ناجیون میں
کل قید میں تھے اب گلشن میں
تقدیر کی ہے سب کاریگری

گانا نمبر ۵

جادوگر قاتل حاضر ہے میرا دل
تو دل میں بھر لے پیار بھلا ہو تیرا
تجھ کو تیری نوجوانی کی قسم
دل کا ستار ہے نغمہ ہے پیار ہے
فصل بہار ہے میرے لیے
جادو جگاؤں گی ناچوں گی گاؤں گی
دنیا لٹاؤں گی تیرے لیے
جیون کی راگنی چندا کی چاندنی
میں ہوں سہاگنی تیری بلم
دل میرا تھام لے الفت کا نام لے
ہمت سے کام لے میرے صنم

گانا نمبر ۶

کوئی پیار کے پنکھ لپارے آیا ہے پاس تہارے
سدھ بدھ اپنی بسرائے بگلا من توہے پکارے
ذرا من کی کوٹھریا کھول بتیاں تورے دوارے کھڑے
بتیاں تورے بلما تورے دوارے ادسجنا تورے دوارے
برہا کی رین تیری گلیوں کے پھیرے
جوگی کا روپ لیا ہر یتیم نے تیرے
گوری من لے بلم کے بول بتیاں تورے دوار کھڑے
ملنا ہے آج توہے اپنے پیا سے
جانے نہ بھید کوئی تورے جیا سے

من من بجھیاں دل بتیاں نور سے دوار کھڑے
بگڑے نہ بات تمہیں دھیرج نہ کھونا
جاگے ہیں بھاگ آج کاہے کا رونا
بڑا جیون بڑا انمول

گانا نمبر ۷

دِل میں بجی پیار کی شہنائیاں
آگئے وہ مٹ گئیں تنہائیاں
دُور ہوا غم کا نشہ، مجھ کو خوشی مل گئی
جھوم اُٹھی دُنیا میری، دِل کی کلی کھِل گئی
دِل میرا لینے لگا انگڑائیاں
آنے لگا دِل کو مزا، اُن سے ملاقات کا
راتیں میری دِن بھی میرے، ڈر مجھے کس بات کا
ساتھ ہیں میرے میری پرچھائیاں
پیار بھرے گیت میرے لب پہ ہیں آئے ہوئے
ایک نیا بھید میرا دِل ہے چھپائے ہوئے
کوئی نہ سمجھے گا یہ گہرائیاں
آگیا وہ مِٹ گئی تنہائیاں

گانا نمبر ۸

دِل کا افسانہ سناتے ہیں منانے والے
کاش سمجھے نہ محبت کو مِٹانے والے
پیار کا نام بھی لیتے ہوئے ڈر لگتا ہے
تیر کھینچے ہوئے بیٹھے ہیں زمانے والے
چلیں گے تیر جب دِل پر
تو ارمانوں کا کیا ہوگا
لٹے گا گھر تو پھر اُس گھر کے مہمانوں کا کیا ہوگا

سُنا ہے عشق میں آتے ہیں دن آہوں کے نالوں کے
ابھی تک تو سلامت ہے گریباں عشق والوں کا
اگر فصلِ بہار آئی۔ دیوانوں کا کیا ہوگا
اُٹھا ہے شورِ ماتم، شمع تیرے جاں نثاروں میں
ابھی تو دِل ہی جلتے ہیں۔ محبت کے شراروں میں
کسی نے پر جلا ڈالے۔ تو پروانوں کا کیا ہوگا
ادھورے ہیں ابھی پورے نہیں قصے محبت کے
ابھی تو دِل میں پوشیدہ ہیں افسانے قیامت کے
حقیقت ہوگئی ظاہر۔ تو افسانوں کا کیا ہوگا
سُنا ہے جامِ اُلفت میں بلا کا جوش ہے ساقی
ابھی تو دِل ہے قابو میں ابھی تو ہوش ہے باقی
اگر پی کر بہک اُٹھے۔ تو مستانوں کا کیا ہوگا
گانا نمبر ۹ :۔ زخموں سے کلیجہ چور ہوا
حد ہوگئی غم میں نالوں کی
کیا یوں ہی بنا ہی ہوتی ہے
دُنیا میں محبت والوں کی
یہ کیسا زندگی ہے یہ کیسا جہاں ہے
جدھر دیکھئے ظلم کی داستاں ہے
کہیں ہے قفس میں کسی کا بسیرا
کہیں ہے نگاہوں میں غم کا اندھیرا
کہیں دِل کا لُٹتا ہوا کارواں ہے
یہاں آدمی آدمی کا ہے دُشمن
یہاں چاک انسانیت کا ہے دامن
محبت کا اُجڑا ہوا آشیاں ہے
یہ بے رحم دُنیا سمجھ نہ آئی

یہاں کر رہے ہیں ستمگر خدائی
نہ جانے تو اے دُنیا والے کہاں ہے

گانا نمبر ۱۰

ڈھل چکی شام غم مسکرائے صنم
اک نئی صبح دُنیا میں آنے کو ہے
پیار بجنے لگا ساز بجنے لگا
زندگی دِل کے تاروں پہ گانے کو ہے
آج پائل بھی ہے نغمہ دِل بھی ہے
رنگ اُلفت بہاروں میں شامل بھی ہے
آگئی مِلن کی سہانی گھڑی
وقت کی تال پر ناچتی ہے خوشی
گھنگھروؤں کی صدا رنگ لانے کو ہے
جھومتے آ رہے ہیں زمانے نئے
حسرتیں گا رہی ہیں ترانے نئے
آج دِل کی تمنا نکل جائیگی
گیت ہوگا یہی لیہ بدل جائے گی
اِک نیا راگ قسمت سُنانے کو ہے

ختم شد

مذہبی کتابیں جنکا پڑھنا ہر مسلمان کا پہلا فرض ہے

شہادت کی کتابیں اور جنگ نامے

ذکر الشہادتین	-/۰/۱۱	شہادت نامہ کلاں	-/6/-
مجموعہ شہادت	-/12/-	" خورد	-/3/-
سیدہ کا لال	-/-/2	مجموعہ مرثیہ جات اور نوحہ جات	-/-/1
آمنہ کا لال	-/-/1	شہیدان کربلا	-/-/1
فاطمہ کا لال	-/-/2	جنگ نامہ کربلا	-/-/1
فاطمہ کا چاند	-/-/2	جنگ نامہ حضرت علی	-/12/-
جنگ زیتون محمد حنیف	-/8/-	سیدہ کی بیٹی	-/8/2
جنگ نامہ توران	-/8/-	روایت قنبریں	-/5/-
جنگ نامہ قلعہ خیبر	-/6/-	پیام صغرا	-/3/-

میلاد کی کتابیں

میلاد شریف اکبر	-/-/1	مولود بہار ولادت	-/8/-
میلاد شریف گوہر	-/-/1	میلاد سعیدی	-/8/-
میلاد شریف طیش	-/12/-	زیور ایمان	-/-/1
میلاد شریف شہید	-/12/-	میلاد بہار خلد	-/12/-
میلاد شریف مقبول	-/-/1	مدینے کی کلی	-/12/-
مدینے کا پھول	-/6/-	بہار مدینہ	-/6/-

زمن ابنڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی